بخدمت جناب سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان، اسلام آباد
سیکرٹیریٹ، شاہراہ دستور، G-5/2، اسلام آباد

اعتراضات بر حلقہ بندی جدید تشکیل کردہ PP-229
(سابقہ PP-232) تحصیل بوریوالہ ضلع وہاڑی پنجاب

جناب عالی۔ سائل/پٹیشنر حسب ذیل عرض پرداز ہے۔

1-یہ کہ سائل/پٹیشنر ذوالفقار علی ولد محمد صدیق ذات آرائیں چک نمبر 515/E.B کا رہائشی ہے۔ شناختی کارڈ نمبر 36601-1614433-9 رجسٹر ووٹ نمبر 121 فہرست مردانہ ووٹرز چک نمبر 515/E.B تحصیل بوریوالہ ضلع وہاڑی ہے۔ اور آئندہ جنرل الیکشن میں امیدوار برائے حلقہ PP-230 (سابقہ PP-233) ممبر صوبائی اسمبلی ہے۔

2-یہ کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کی ابتدائی حلقہ بندی 2018 کے مطابق ضلع وہاڑی کی صوبائی اسمبلی کی نشستوں کیلئے 8 عدد حلقوں پر مشتمل حلقہ بندی کی گئی ہے۔ جن میں پہلی نشست حلقہ PP-229 (سابقہ PP-232) گگو منڈی ہے۔ جبکہ دوسری نشست PP-230 (سابقہ PP-233) بوریوالہ ہے۔ PP-230 قانون گوئی بوریوالہ 1,2 اور میونسپل کمیٹی بوریوالہ کی آبادی پر مشتمل ہے۔ اس میں اضافی طور پر حلقہ PP-229 (سابقہ PP-232) گگو منڈی کی قانون گوئی چک نمبر 215/E.B میں سے تین پٹوار سرکل (201/E.B,429/E.B,431/E.B) توڑ کر PP-230 (سابقہ PP233) بوریوالہ میں شامل کر دیئے گئے ہیں۔ اور قانون گوئی 3-R جس میں سائل کا چک نمبر 515/E.B شامل ہے حلقہ PP-229 میں شامل کر دیا ہے۔ جو کہ سراسر غلط، خلاف واقعات، خلاف قانون، خلاف زمینی حقائق اور خلاف فطری انصاف ہے۔

اعتراضات:

درج ذیل وجوہات کی بناء پر مجوزہ حلقہ PP-229 (سابقہ PP-232) میں ترمیم کی جانی انتہائی ضروری و منشاء زمینی حقائق و انصاف ہے۔

(i)-یہ کہ حلقہ بندی چونکہ مشرق سے مغرب کی جانب کی گئی ہے اور حلقہ PP-229 کے آغاز/مشرق میں پہلی قانون گوئی 215/E.B گگو ہے لہذا پہلی قانون گوئی سے زائد آبادی 30748 کو غلط طور پر منہا کیا گیا ہے جو کہ آخری یعنی قانون گوئی 3-R سے منہا کر کے حلقہ PP-230 میں شامل کیا جانا انتہائی ضروری بنتا ہے۔

(ii)-یہ کہ قانون گوئی 215/E.B کے پٹوار سرکل متذکرہ بالا (PP-229) کبھی بھی PP-230 بوریوالہ سٹی کے ساتھ نہ

(iii)-یہ کہ قانون گوئی R-3 حلقہ PP-230 شہر بوریوالہ سے ملحقہ ہے اور R-3 کے چکوک چک نمبر 517/E.B، 505/E.B، کا کافی حصہ Urban ہے اگر ان چکوک کی بقیہ Rural آبادی حلقہ PP-230 میں شامل ہو جائے تو مقامی لوگوں کیلئے آسانی ہوگی۔

(iv)-یہ کہ قانون گوئی 215/E.B گگو مکمل طور پر ہمیشہ سے PP-229 سابقہ (PP-232) گگو میں رہی ہے اور مقامی لوگوں کا آپس میں علاقائی طور پر میل ملاپ و باہمی رابطہ گہرا رہا ہے۔اور اسی طرح R-3 قانون گوئی اور خصوصی طور پر چک نمبر (505/E.B,507/E.B,513/E.B,515/E.B,517/E.B) کا فطری الحاق بوریوالہ شہر سے ہے۔جو کہ حلقہ PP-230 ہے۔جملہ چکوک متذکرہ بالا دس منٹ سے کم کی مسافت پر بوریوالہ شہر سے دور واقع ہے۔اور سائل/پٹیشنر پچھلے پانچ سال سے PP-230 (سابقہ حلقہ PP-233) میں اپنا سیاسی کام جاری رکھے ہوئے ہے۔اور قانون گوئی R-3 ہمیشہ سے سٹی بوریوالہ کے ساتھ موجودہ PP-230 حلقہ کا حصہ رہا ہے اور مقامی لوگوں کا ہمیشہ سے علاقائی طور پر باہمی رابطہ و میل ملاپ زیادہ بہتر و موثر رہا ہے۔

(v)-یہ کہ PP-230 میں نئے شامل کیئے گئے پٹوار سرکل کی آبادی درج ذیل ہے۔

چک نمبر	آبادی
201/E.B	4183
203/E.B	5485
199/E.B	3050
429/E.B	4810
431/E.B	7767
433/E.B	3312
415/E.B	2141
ٹوٹل آبادی	30748

یہ کہ حلقہ قانون گوئی R-3 کے درج ذیل چکوک کی آبادی متبادل طور پر حلقہ PP-229 سے نکال کر حلقہ PP-230 میں شامل کیئے جانے کی تجویز ہے۔

چک نمبر	آبادی
505/E.B	6417
507/E.B	2486
513/E.B	4011
515/E.B	11942
517/E.B	5687
ٹوٹل آبادی	30543

بحالات بالا استدعا ہے کہ اعتراضات مندرجہ بالا منظور فرماتے ہوئے پٹوار سرکل (201/E.B,431/E.B,429/E.B) کو حلقہ PP-230 کی بجائے حلقہ PP-229 میں شامل کرنے کے احکامات صادر فرمائے جاوے۔اور متبادل طور پر آبادی چکوک نمبران (5015/E.B,517/E.B,513/E.B,507/E.B,505/E.B) کو حلقہ PP-230 میں شامل فرمایا جاوے۔